۱۔ اللہ کے مخاطب وہی لوگ تھے جو اللہ پر ایمان لا چکے تھے، مگر یہ ایمان کامل نہ تھا، اس لئے حکم ہوا کہ پھر سے اللہ پر ایمان لائیں، رسول اللہ پر ایمان لائیں کتاب اللہ پر ایمان لائیں۔

۲۔ مومن کے لئے ضروری ہے کہ اللہ کا اقرار کرے، اللہ کے فرشتوں کا اقرار کرے اللہ کی کتابوں کا اقرار کرے، یوم آخر کا اقرار کرے، ان میں سے کسی ایک کا بھی جس نے انکار کیا وہ گمراہ ہوا۔

۳۔ "ضلال بعید" کے معنی یہ ہیں کہ "ھو اضلال عن الحق بحیث یعسر العود منہ الی سواء الطریق فھؤلاء لا یرتجی لھم ان یعودوا الی الصراط المستقیم" یعنی حق سے اس طرح گمراہ ہونا کہ پھر راہ راست پر آنا دشوار ہو یہی ضلال بعید ہے، ایسے گمراہوں کے لئے امید نہیں کہ صراط مستقیم پر لوٹ سکیں۔

اللہ نے ایمان کے جو مدارج قائم کئے ان میں ایمان بر رسول اللہ بھی ہے، جو رسول اللہ پر ایمان نہ لائے وہ ایسا بے ایمان ہے کہ پھر اس کے لئے ہدایت کی امید ہی نہیں، یہی ضلال بعید ہے اور اسی کی وعید ہے۔

تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن عربی مؤلفہ مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب مدظلہ بڑی شان و شوکت اور حسن منظر سے مقبول خاص و عام ہو چکی ہے تفسیر کو جن اہل علم حضرات نے دیکھا ہے بہت پسند فرمائی ہے مفسرین کے متفقہ اصول القرآن تفسیر بعضہ بعضاً کی عملی تصویر دیکھنی ہو تو یہ تفسیر دیکھئے ہر آیت کی تفسیر میں کسی دوسری آیت سے استشہاد کیا گیا ہے کاغذ مصری رنگ بہت عمدہ لکھائی چھپائی بہت اچھی ساڑھے ۲۰۲ صفحات قیمت صرف ۱۲ روپے

تفسیر ثنائی اردو یہ تفسیر بہت مفید اور پسندیدہ ہے جس میں خاص خوبی یہ ہے کہ قرآنی مضمون مسلسل معلوم ہوتا ہے ایک کالم میں ترجمہ ہے دوسرے میں تفسیر مع ترجمہ ہے نیچے حواشی میں شان نزول درج ہے اس سے نیچے مختلف حواشی مخالفین (اندرونی و بیرونی) کے متعلق ہیں اس تفسیر کی آٹھوں جلدیں طبع ہو چکی ہیں بعض مکرر سہ کرر بھی چھپی ہیں تفصیل حسب ذیل ہے۔

جلد اول سورہ فاتحہ و بقرہ قیمت عا۔ جلد ثانی سورہ آل عمران و نساء قیمت عا۔ جلد سوم سورہ مائدہ انعام اعراف عا۔ جلد چہارم از انفال تا سورہ بنی اسرائیل تا سورہ شعراء قیمت عا۔ جلد پنجم از بنی اسرائیل تا سورہ شعراء قیمت عا۔ جلد ششم از شعراء تا صافات قیمت عا۔ جلد ہفتم از سورہ صافات تا سورہ نجم قیمت عا۔ جلد ہشتم از سورہ قمر تا والناس قیمت عا۔

نوٹ۔ جلد پنجم اور ششم کمر زیر طبع ہیں یک مشت خریدار کو فی جلد عہ ۸ کے حساب سے دیجائیگی۔

ملنے کا پتہ۔ منیجر اہل حدیث امرتسر۔